الجامعة البنورية العالمية
رجسٹریشن نمبر: ۱۰۶۹۸ سائٹ کراچی پاکستان

دار الافتاء والقضاء

Email: darulifta@gmail.com Web: http://fatawa.binoria.org Ph: +92-21-2560300\2560400 Fax: +92-21-2564580

Name	:> SYED Uzair Jawaid	Serial No	:> 3738
Address	:> Hyderabad	Fatwa No	:> 37526
Sebject	:> AQAID	Date	:> 11/12/2007
		Email	:>

Question :>
Kya ALLAH Jhoot Bolnay Per Qaadir Hay ? Agar Nahin Tou , Jo Yeh Aqeedah Rekhay ALLAH Jhoot Bolnay Per Qaadir Hay , woh Kaafir Hay ? Jawab Jald Chaheye .

کیا اللہ جھوٹ بولنے پر قادر ہیں؟ اگر نہیں تو جو یہ عقیدہ رکھے کہ اللہ تعالیٰ جھوٹ بولنے پر قادر ہیں تو کیا وہ کافر ہے؟ جواب جلد دیں۔

"الجواب حامداً ومصلیاً"

سب سے پہلے سمجھنے کی بات یہ ہے کہ جن اعتقادی مسائل کی کسی نص میں تصریح نہیں آئی بلاضرورت اس میں کلام اور غور و خوض کرنا خصوصاً جبکہ اسکی مکمل وضاحت بھی ہو چکی ہو لایعنی کاموں میں پڑنا ہے نیز یہ ایسا مسئلہ ہے کہ عام لوگوں کو اس مسئلہ میں نہیں پڑنا چاہیئے بلکہ وہ مسائل جو نصوصِ شرعیہ سے ثابت ہیں ان کا علم حاصل کرنے اور ان پر عمل کرنے کی کوشش کرنی چاہیئے اس مختصر تمہید کے بعد اس مسئلہ کو اس مثال سے ایسے سمجھنا چاہیئے کہ حق تعالیٰ مشرکین کی مغفرت نہیں فرمائینگے جیساکہ اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں وعدہ فرما چکے ہیں ان اللہ لایغفر أن یشرک بہ و یغفر مادون ذلک لمن یشاء (نساء آیت ۴۸) لیکن اللہ تعالیٰ کو قدرت ہے کہ کافر کی مغفرت فرمادیں مگر وہ ایسا نہ کرینگے بس یہی معنی اللہ کے جھوٹ پر قادر ہونے کے ہیں کہ اللہ تعالیٰ جھوٹ بولنے پر قادر تو ہیں مگر وہ نہیں بولینگے یہی مسلک تمام اہلسنت والجماعت کا ہے جن لوگوں کا یہ مسلک ہو انکو کافر سمجھنا جہالت اور گمراہی پر مبنی ہے لہذا بلا وجہ شرعی اس قسم کی باتوں کو اچھالنا اور عوام الناس کو علماء کرام سے متنفر کرنے کی سعی کرنا اور سیاق و سباق کا لحاظ رکھتے ہوئے کلام کے اصل مقصد کو سمجھنے کی بجائے محض کلام کے کسی ایک جملہ کو الگ کرکے اس کے معنی لغوی کو لے لینا منافقین کا طرۂ امتیاز ہے۔ اسلئے سائل کو چاہیے کہ وہ ان لوگوں کا حکم معلوم کرنے سے پہلے اپنے عقیدہ کی درستگی کرے اور بات کو سمجھنے کی کوشش کرے۔

عن أبی الطفیل قال: سمعت علیاً یقول ایہا الناس تحبون

جاری ہے

أن يكذب الله ورسوله؟ حدّثوا الناس بما يعرفون ودعوا ما ينكرون

(كنز العمال ١/١٣٥)

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من حسن إسلام المرء تركه ما لا يعنيه (مشكوٰة ٢/٢١٣) ـ والله اعلم بالصواب

كتبه: محمد ريحان

دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی

٣ صفر المظفر ١٣٢٩ھ

الجواب صحيح

عبد الله شوكت

دار الافتاء جامعہ بنوریہ

٣ صفر المظفر ١٤٢٩ھ

الجواب صحيح

نائب رئيس

دار الافتاء جامعہ بنوریہ

٣ صفر المظفر ١٤٢٩ھ

رئيس دار الافتاء جامعة بنورية العالمية

نائب رئيس دار الافتاء جامعة بنورية العالمية

دار الافتاء جامعة بنورية العالمية

5/3/08